27/03/2026

07.40 / PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔خبروں کا بلیٹن لےکر مینبصارت گُل

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائینز

*.......حکومت نے پیٹرول اور ڈیزل پر مرکزی ایکسائز ڈیوٹی میں فی لیٹر دس ۔دس روپے کی کمی کرنے کا فیصلہ۔

*.......لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے سرحدی علاقوں میں نوجوانوں کی بہبودی اور ترقی کو یقینی بنانے میں بھارتی فوج کے عزم کی ،کی ستائش۔

*....... وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے مغربی ایشیاءمیں جنگ کو ختم کرنے کےلئے بھارت کے مضبوط سفارتی رشتوں کو بروئے کار لانے پر دیا زور۔

اور

*....... ورلڈ تھیٹر ڈے آج۔

پیٹرو ل ایکسائز

حکومت نے مقامی کھپت کیلئے پیٹرول اور ڈیزل پر مرکزی ایکسائز ڈیوٹی میں فی لیٹر دس ۔ دس روپے کی کمی کر دی ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتارمن نے بتایا کہ یہ فیصلہ مغربی ایشیا کے بحران کے پیش نظر کیا گیاہے ۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ اس اقدام سے صارفین کو قیمتوں میں اضافے سے تحفظ ملے گا ۔وزیر خزانہ نے اس بات پر زور دیا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں حکومت نے ہمیشہ اس بات کو یقینی بنایا ہے کہ شہریوں کو ضروری اشیاءکی فراہمی میں اُتار چڑھاؤ اور قیمتوں کے بوجھ سے محفوظ رکھا جائے ۔

LPG

میں 70فیصد کا اضافہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے ، LPGمرکزی حکومت نے ریاستوں کیلئے کمر شل جبکہ اسٹیل ، آٹو موبائل ، ٹیکسٹائل اور مزدوروں سے جڑی دیگر صنعتوں کو 20فیصد تک الاٹمنٹ کی ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں اس کا اعلان کرتے ہوئے پیٹرولیم اور قدرتی LPG کی سپلائی LPG گیس کے مرکزی وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے کہا کہ اس اقدام کا مقصد کمر شل آسان بنانا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ ترجیح ان صنعتوں کو د جائے گی ، جہاں پائپ والی گیس ایک متبادل نہیں ہے۔

وزیر موصوف نے کہا کہ دنیا کےچند ملکوں میں ایندھن کی قیمتوں میں20سے 30فیصد کا اضافہ کیا جا رہا ہے ، جبکہ بھارت ایک ایسا ملک ہے ، جہاں توانائی کم خرچ پر سب کیلئے یقینی طور پر دستیاب ہے ۔

گیس

پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت نے کہا کہ ملک میں رسوئی گیس اور پیٹرولیم مصنوعات ذخیرہ کرنے کی کل گنجائش 74 دن کی ہے، جبکہ خام تیل اور تیار شدہ مصنوعات کا موجودہ حقیقی ذخیرہ 60 دن کے برابر ہے۔

وزارت نے دوبارہ واضح کیا ہے کہ ملک میں پیٹرولیم اور ایل پی جی کی فراہمی کی صورتحال مکمل طور پر محفوظ اور قابو میں ہے۔ وزارت نے کہا کہ ملک کے کسی بھی حصے میں ان اشیا کی کوئی کمی نہیں ہے۔

خیر مقدم

دریں اثنا مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ ، اطلاعات اور نشریات کے وزیر اشونی ویشنو اور پارلیمانی امور کے وزیر کرن ریججو نے ایندھن پر محصول کم کرنے کے حکومت کے فیصلے کی ستائش کرتے ہوئے کہاہے کہ اس فیصلے سے عوام پر مرکوز حکمرانی اور حساسیت پر مبنی فیصلوں کی اہمیت کا اظہار ہوتا ہے۔

LGپیٹرول

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے بھی پیٹرول اور ڈیزل پر مرکزی ایکسائز ڈیوٹی میں کمی لانے کے وزیر اعظم نریندرمودی کے فیصلے کو تواریخی قرار دیا ہے۔

ایک سو شل میڈیا پوسٹ میں انہوننے کہا کہ یہ ایک عوام دوست فیصلہ ہے جسکی بدولت مغربی ایشیاءکے تنازعے چلتے صارفین تک ایندھن کی بلا خلل سپلائی کو یقینی بنانے میں مدد ملے گی۔

انہوننے مزید کہا کہ ان اقدامات سے عام شہریوں کے معیار حیات کو بر قرار رکھنے کے وزیر اعظم کے عزم کی عکاسی ہو تی ہے۔

ایل جی فوج

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے سرحدی علاقوں میں نوجوانوں کی بہبودی اور ان کی ترقی کویقینی بنانے میں بھارتی فوج کے عزم اور کاوشوں کی ستائش کی ہے۔آج جموں میں آپریشن سدبھاؤنا Goodwillکے تحت جموں کا دورہ کرنے والے آرمیTour کے تحت جے اینڈ کے انٹیگریشن پونچھ کے طلباءکے ساتھ بات کرتے ہوئے ایل جی نے کہاکہ اس طرح کے Saujiyan اسکول اقدامات سے نوجوان اذہان کو ایک صحیح سمت دینے اور ایک بھارت شریشٹھ بھارت کے جذبے کو تقویت بخشنے میں مدد ملتی ہے۔ اس موقعے پر بتایاگیا کہ فوج کے وائٹ نائٹ کور کی طرف سے منعقد ہ اس آؤٹ ریچ پروگرام کا بنیادی مقصد سرحدی علاقوں کے نوجوانوں کو قومی یکجہتی اور مجموعی ترقیاتی منظر نامے کے ساتھ مربوط کرنا ہے ۔

نائب وزیر اعلیٰ

دریں اثناءنائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے کہا ہے کہ لوگوں کو ہر طرح کی اشیائے ضروریہ کرائی جا رہی ہے اور انہیں گھبرانے کی کوئی ضرورت نہیں ہے ۔ میڈیا کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوننے کہا ۔

-----Byte------

اسمبلیGong

*........اب پیش ہیں جموں کشمیر کے ایوان اسمبلی سے اہم خبریں۔

----Gong----

اجلاس

پانچ ہفتوں کے وقفے کے بعد جموں کشمیر قانون ساز یہ کا بجٹ اجلاس آج سے جموں میں دو بارہ شروع ہوا۔ آج پہلے دن ایوان میں ارکان نے مختلف معاملات کو اُجا گر کیااور حکومت کی توجہ ان کے جانب مبذول کرائی۔

عمر ایران1

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے وزیراعظم نریندر مودی سے اپیل کی ہے کہ وہ کلیدی عالمی ممالک کے ساتھ بھارت کے مضبوط سفارتی رشتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے مغربی ایشیا کی جنگ اور خطے میں لوگوں کے مسائل کو ختم کرنے میں کلیدی رول ادا کریں۔قانون ساز اسمبلی میں آج جاری بجٹ اجلاس کے دوران خطاب کرتے ہوئے انہوننے کہاکہ مغربی ایشیاءمیں جاری جنگ سے لاکھوں لوگ متا ثر ہو رہے ہیں۔

...........Byte........

مغربی ایشیاءجنگ کے معاملے پر نیشنل کانفرنس کے ترجمان تنویر صادق نے جموں میں اسمبلی کے باہر میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

....Byte........

عمر ایران2

سے تعلق رکھنے والے اسمبلی ممبروں بشمول آغا سید منتظر مہدی، وحید PDP واضح رہے کہ رحمان پرہ، رفیق احمد نائیک اور میر محمد فیاض نے آج ایوان میں ایران پر ہوئے حملوں کا معاملہ اُجا گر کرتے ہوئے کہاکہ ایوان میں اس معاملے کو لیکر بحث و تمیث ہونی چاہیے ۔ ان لیڈروں نے ایران کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا۔

ادھر نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے درگاہ حضرت بل سرینگر میں جمعہ نماز ادا کرنے کے بعد میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے کہاکہ لوگ امن و امان کے خواہاں ہیں اور مغربی ایشیا کی جنگ فوری طو ر سے ختم کی جانی چاہیے۔

...........Byte........

عمر بل

پاس کئے ۔ اس سے پہلے وزیر Appropriation Bills قانون ساز اسمبلی نے آج تین کلیدی کو ایوان میں پیش کیا۔Bills اعلیٰ عمر عبداللہ نے ان

پاس کیا ۔اس سے پہلے Motion قانون ساز اسمبلی نے تین ہاؤس کمیٹیاں قائم کرنے کیلئے کمیٹی اور پبلکEstimatesوزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے پبلک اکاؤنٹس کمیٹی،
پیش کیا ۔Motiion سے متعلق کمیٹی کیلئے11-11 ارکان کے انتخاب کیلئےUndertakings

کے سالانہ رپورٹس کو پیش کیا۔JKPDCL وزیر اعلیٰ نے اسمبلی میں

سکینہ اسمبلی

صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے آج ایوان میں یودویر سنگھ سیٹھی کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ SMGS والی 243 بستروں جموں میں اسپتال Maternity and Child سہولت کے قیام سے نو زائد بچوں کو دی جانے والی طبی سہولیات میں مزید بہتری آئی Care ہے ۔

ڈے

آج ورلڈ تھیٹر ڈے منایا جا رہا ہے ۔ اس دن کو منانے کا مقصد تہذیبی ، تمدنی ، ثقافتی اور روایتی اقدار کو اجا گر کرنے کے علاوہ سماج میں تھیٹر کی اہمیت سے متعلق بیداری پیدا کرنا ہے ۔ اس دن کی مناسبت سے آج جموں کشمیر میں بھی کئی پروگرام منعقد ہوئے جن میںتھیڑ کی اہمیت کو اُجاگر کیا گیا۔

، دور درشن کیندر سرینگر Play Wright ورلڈ تھیٹر ڈے کے موقعہ پر معروف ڈرامہ نگار،تھیڑ کے سابق سینئر آفیسر اور ساہیتہ اکیڈمی ایوارڈ یافتہ ڈاکٹر سوہن لال کول نے اپنے ایک پیغام میں کہا ۔ ---BYTE--

اس دن کی مناسبت سے وادی کی ایک معروف تھیڑ شخصیت اور ایکٹر و ڈائریکٹر مشتاق علی احمد خان نے آکاشوا نی نیوز کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا---BYTE---

تھیٹر ڈے کے سلسلے میں دلی سے ایک معروف تھیٹر آرٹسٹ انیتا پانڈے نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا---BYTE---

کلچرل اکیڈیمی

ٹائیگور ہال سرینگر میں آج ورلڈ تھیٹر ڈے اور قومی گیت وندے ماترم کے 150برس مکمل ہونے کے سلسلے میں ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں منشیات کی بیداری سے متعلق کالی داس تھیٹر کی طرف سے ایک تھیٹر پروڈکشن پیش کی گئی اور ڈاکٹر بلال اور اسکے گروپ نے وندے ماترم پیش کیا گیا۔

تقریب پر جوائنٹ ڈائریکٹر انفارمیشن کشمیر سید شہنواز بخاری، کلچرل اکیڈیمی کے ایڈیشنل سلیم اور تھیٹر ڈائریکٹر ڈاکٹر عیاش عارف بھی موجود تھے-Ideel سیکریٹری

بارہمولہ تھیٹر

تھیٹر کے عالمی دن کے سلسلے میں آج جموںو کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ کلچر اینڈ لنگویجز کے اہتمام سے بارہمولہ کے ایک اسکول میں تقریب منعقد ہوئی جس دوران محبوب کلچرل سو سائٹی بارہمولہ کی طرف سے نامور ڈرامہ نگار اور ادبی مرکز کمراز کا صدر محمدامین بٹ کا تھیٹر ڈرامہ " میون کیاہ سونچو" پیش کیا گیا۔

تھیٹر جموں

پیش کیا گیا۔ اس Jasmaتھیٹر کے عالمی دن کے موقعے پر ابھینو تھیٹر جموں میں ڈوگری پلے موقعے پر تھیٹر سے جڑی کئی جانی مانی شخصیات موجود تھیں۔ بعد میں پرنسپل سکریٹری کلچر برِج موہن شرما نے کئی تھیٹر شخصیات کی عزت افزائی کی۔

درخشاں

جموںو کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے آج ٹولپ گارڈن کا دورہ کیا۔ اس موقعے پر انہوننے کہا کہ باغ گلِ لالہ کو وادی کے سیاحتی منظر نامے میں ایک نمایاں اہمیت حاصل ہے۔ میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوننے اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا۔

-----Byte-----

تودہ

سرینگر لیہہ شاہراہ پر زوجیلہ مقام پر ایک برفانی تودہ گر آیا ہے۔ گاندربل کے ضلع ترقیاتی کمشنر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا کہ تودے کے زد میں کئی گاڑیاں آئی ہیں۔ مزید تفصیلات کا انتظار ہے۔

سیاسیGong

*........اب پیش ہیں مختلف سیاسی جماعتوں کے بیانا ت پر مبنی خبریں۔

----Gong----

ست شرما

بی جے پی جموںو کشمیر کے صدر اور ممبر پارلیمنٹ ست شرما نے آج راجیہ سبھا میں جموںو کشمیر میں باجرا کی پیدا وار بڑھانے سے متعلق معاملہ اٹھایا۔ انہوننے باجرا کی غذائی اہمیت کو

اُجاگر کر تے ہوئے کہاکہ اسکی کاشتکاری کو بڑھانے کےلئے خاطر خواہ اقدامات کئے جانے چاہئے۔

پارٹی کے جنرل سکریٹری آر گنائزیشن اشوک کول نے آج جموں کے کئی مقامات پر میٹنگ کے دوران تنظیمی امور کا جائزہ لیا۔

شاہین

جنتا دل یونائٹیڈ جمونوکشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے پارٹی کارکنوں اور لیڈروں پر زور دیا ہے کہ وہ آنے پنچایتی انتخابات کےلئے زمینی سطح پر تیاریاں شروع کریں۔ ایک بیان میں انہوننے پنچایتی انتخابات کو نچلی سطح پر حکمرانی کے عمل کو مستحکم کرنے کا ایک جمہوری موقع قرار دیا۔

امداد

مرکزی سرکار نے جموں و کشمیر کے لئے مرکزی امداد کے تحت 5 ہزار کروڑ روپے کی اضافی رقم واگزار کی ہے۔ ماہرین کا ماننا ہے کہ یہ بروقت اور نہایت اہم تعاون ترقیاتی کوششوں کو نمایاں طور پر مضبوط بنائے گا، بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں کو تیز کرے گا اور جموں و کشمیر میں عوامی فلاح و بہبود کو فروغ دے گا۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے مرکز کے اس فیصلے کے لئے وزیرِ اعظم نریندر مودی ، وزیرِ داخلہ امت شاہ اور وزیرِ خزانہ نرملا سیتارمن کا شکریہ ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ یہ رقم یو ٹی کی مالی حالت کو مستحکم بنانے میں مددگار ثابت ہو گی۔

بشیر عارف

آکاشوانی کے سابق ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل بشیر عارف کو دل کا دورہ پڑنے کے بعد سکمز صورہ میں علاج و معالجے کیلئے بھرتی کرایا گیا ہے۔ میڈیا اورسماج کے مختلف طبقوں سے وابستہ لوگوں نے ان کی جلد صحت یابی کیلئے دُعا کی ہے ۔

آکاشوانی نیوز سرینگر کے عملے نے بھی ان کی جلد صحت یابی کیلئے دعائیں کی ہیں۔

پولیسGong

*.......اب پیش ہیں منشیات کے خلاف پولیس اور دیگر عوام دوست سرگرمیوں سے متعلق خبریں۔

**----Gong----**

**جموں پولیس**

**سانبہ پولیس نے ہائر اسکنڈری اسکول گُرہا سلاتھیہ میں سیوک ایکشن پروگرام کے تحت ایک والی بال ٹورنا منٹ کا انعقاد کیا ۔**

**راجوری پولیس نے ضلع کے مختلف علاقوں مینجاری غیر قانونی کان کنی سرگرمیونکے خلاف کارروائی کرتے ہوئے کئی گاڑیونکو ضبط کیا ہے ۔**

**ادھمپور پولیس نے دو ڈرگ سمگلروں کو کچھ نشیلی اشیاءسمیت گرفتار کیا ہے۔**

**ڈوڈہ پولیس نے غیر قانونی کان کنی میں ملوث 5 گاڑیوں کو ضبط کیا ہے ۔اسی طرح کی ایک کارروائی کے دوران جموں رورل پولیس نے دو گاڑیوں کو ضبط کیا ہے ۔ پولیس نے جموں کے جوریاں علاقے مینایک ڈرگ سمگلر کو گرفتار کیا ہے۔**

**کشمیر پولیس**

**منشیات کے کاروبار کے خلاف ایک کاروائی کے دوران اینٹی نارکوٹِکس ٹاسک فورس کشمیر نے سرینگر کے برزلہ علاقے میں سات سو گرام ہیروئن ضبط کی ۔ ٹاسک فورس کے مطابق شمالی کشمیر کے ہندواڑہ علاقے سے تعلق رکھنے والے محمد حسین خان اور افتخار احمد نامی دو افراد منشیات کے اس کاروبار میں ملوث پائے گئے ۔ ٹاسک فورس نے محمد حسین خان کو گرفتار کیا ہے جبکہ افتخار احمد کی تلاش جاری ہے ۔**

**پولیس نے گاندربل اور شوپیان میں غیر قانونی کان کنی میں شامل 12گاڑیوں کو ضبط کیا ہے۔**

**ریلوے**

**ناردرن ریلوے کے جموں ڈویژن نے ریلوے نظام میں جدیدیت اور شفافیت لانے کےلئے جموں ڈویژن کے تمام TTEکو بائیو میٹرک Sign-on اور Sign of-نظام متعارف کیا ہے۔ لابیز میں مکمل**

**سینئر ڈویژنل کمرشل منیجر اُچت سنگل نے کہا ہے کہ اس اقدام سے ٹکٹ چیکنگ عملے کے کام میں جواب دہی پیدا ہوگی۔**

**پاسپورٹ**

ریجنل پاسپورٹ آفیسر سرینگر بی ایس راوت کی اطلاع کے مطابق ریجنل پاسپورٹ آفس سرینگر ، پاسپورٹ سیوا پروجیکٹ کے تحت کپواڑہ میں9اور10اپریل کو ایک خصوصی پاسپورٹ سروس آفس پارک کپواڑہ میں موجود رہیں گی۔DCمہم چلا رہا ہے۔ اس تعلق سے موبائل پاسپورٹ گاڑی

**پشمینہ**

ڈائریکٹوریٹ آف ہینڈی کرافٹس اینڈ ہینڈ لوم کشمیر نے پشمینہ ٹیسٹنگ اور اسکے معیار کو برقرار رکھنے کےلئے اعلیٰ قسم کے تین سکینگ الیکٹران Microscope نے خرید لئے ہیں، ٹیسٹنگ ممکن ہو پائے گی۔GIجن کی بدولت پشمینہ کی عالمی معیار کے مطابق

**پانی**

وادی کے مختلف علاقوں میں حالیہ بارشوں کے باوجود تمام چھوٹے بڑے دریاؤں اور ند ی نالونمیں پانی کی سطح معمول کے برعکس ابھی بہت کم ہے ۔ آبپاشی اور فلڈ کنڑول محکمے کی طرف سے جاری اعداد و شمار کے مطابق دریائے جہلم میں سنگم کے مقام پر صفر اعشاریہ57فٹ، رام منشی باغ میں2اعشاریہ95فٹ ،جھیل ولر میں 1ہزار573اعشاریہ 91میٹر ، ویشو نالے میں کھڈونی کے مقام پر 2اعشاریہ58میٹر ، دریائے سندھ میں دُدرہامہ کے مقام پر 0اعشاریہ10میٹر پانی کی سطح ریکارڈ کی گئی۔

**نشہ**

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

**...........(PM)....Byte...........**

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے لازمی اقدامات کے بارے میں تھیٹر سے وابستہ ایک ادکار اور ڈائریکٹر اشرف فیاض نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا

**-- -(Byte)--**

**موسم**

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24گھنٹوں کے دوران موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت24 اعشاریہ4ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت8 اعشاریہ 3 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 29 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت16 اعشاریہ7 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح6بجکر 24 منٹ اور

غروب آفتاب شام6 بجکر48منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ

.......................................................

.......................................

.....................

..........